کتاب نما

فقہ الحدیث، امام شوکانی، ترجمہ وتخریج: حافظ عمران ایوب لاہوری۔ ناشر: نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات (بڑی تقطیع) جلداوّل: ۷۵۲۔ جلددوم: ۸۱۴۔ قیمت: ۴۳۰/۴۵۰روپے علی الترتیب۔

امام محمد بن علی الشوکانی (۱۱۷۳ھ-۱۲۵۰ھ) معروف محدثین میں سے ہیں۔ آپ کی کتاب الدُرر البھیّہ درس نظامی کے نصاب کا حصہ ہے۔ احادیث سے احکام کا استنباط اس کا موضوع ہے۔ اُردو زبان میں اس کی کوئی عام فہم اور جامع شرح موجود نہ تھی۔ اب حافظ عمران ایوب نے فقہ الحدیث کے نام سے یہ مفصل شرح لکھی ہے۔ یہ شرح کئی حوالوں سے افادیت کی حامل ہے۔

ابتدا میں ایک مختصر مگر جامع مقدمہ لکھا گیا ہے جس میں فقہ کا معنی ومفہوم، اہمیّت وضرورت، مآخذ، مذاہب اربعہ اور ان کا مختصر تعارف، اختلاف کے اسباب اور امام شوکانی اور شیخ البانی کی حیات وخدمات کو بیان کیا گیا ہے۔ الدُرر البھیّہ کے متن کا سلیس ترجمہ دیا گیا ہے اور الفاظ کی لغوی وضاحت اور اصطلاحی وشرعی تعریف کے ساتھ ساتھ تفصیلی حوالہ جات بھی درج کردیے ہیں۔

کسی بھی مسئلے کے حوالے سے صحابہ کرامؓ، ائمہ وفقہا اور جدید وقدیم علما کے اقوال وفتاویٰ اور بعض مقامات پر اصولی قواعد کو بیان کیا گیا ہے اور پورے اہتمام کے ساتھ ان کے حوالہ جات کو درج کیا گیا ہے۔ راجح مسلک کی وضاحت اور کتاب وسنت کی روشنی میں اس کے دلائل کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ ایک عنوان 'متفرقات' ہے۔ کسی مسئلے سے متعلق ائمہ اربعہ نے کوئی بحث نہیں کی یا دورِ جدید میں کوئی مسئلہ زیادہ اہمیّت اختیار کرگیا ہے تو متفرقات میں اس کو بڑی خوب صورتی سے بیان کردیا گیا ہے۔